## جماعت اسلامی کے کارکنان کی جانب سے عدالت عظمیٰ کے گھیراؤ

## پر عدلیہ کی آزادی کے علمبرداروں کی خاموشی افسوسناک ہے، ارکان سینیٹ

کراچی۔۔۔21، ستمبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان سینیٹ نے کہا ہے کہ جماعت اسلامی کے کارکنان کی جانب سے عدالت عظمیٰ کے گھیراؤ پر عدلیہ کی آزادی کے علمبرداروں کی خاموشی افسوسناک ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ کراچی میں ہونے والے واقعات کے عینی شاہدین جب عدالت عالیہ سندھ میں حلف نامے جمع کرانے گئے تو سیاسی ومذہبی جماعتوں، وکلاءتنظیمیں اور انسانی حقوق کی انجمنوں نے آسمان سر پر اٹھالیا اور ایم کیوایم پر بہتان تراشی کا سلسلہ شروع کردیا گیا تھا کہ ایم کیوایم عدالتوں کا گھیراؤ کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ دنوں سپریم کورٹ میں ایک مقدمے کی سماعت کے دوران جماعت اسلامی کے کارکنان نے عدالت عظمیٰ کا گھیراؤ کیا اور دھمکی آمیز نعرے لگائے لیکن جماعت اسلامی کے اس طرز عمل پر نہ تو سیاسی ومذہبی جماعتوں اور وکلاءتنظیموں کی جانب سے مذمت کی گئی اور نہ ہی انسانی حقوق کے علمبرداروں کو جماعت اسلامی کے کارکنان کی دہشت گردی کے عمل کے خلاف بیان جاری کرنے کی توفیق ہوئی۔حق پرست سینیٹرز نے کہا کہ ایک ہی ایشو پر سیاسی ومذہبی جماعتوں، وکلاءتنظیموں اور انسانی حقوق کے اداروں کے دہرے طرز عمل سے صاف ظاہر ہے کہ وہ متعصّبانہ ذہنیت اور جانبداری کا مظاہرہ کررہی ہیں جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم پر من گھڑت اور جھوٹے الزامات عائد کرنے والے آج پاکستان کے عوام کے سامنے بے نقاب ہوچکے ہیں اور پاکستان بھر کے عوام جان چکے ہیں کہ فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے محافظ ایم کیوایم کے خلاف متحد ہوچکے ہیں اور یہی عناصر عوام میں شعوری بیداری کے عمل کی راہ میں رکاوٹ کھڑی کرنے کیلئے ایم کیوایم کے خلاف جھوٹے، من گھڑت اور بے بنیاد الزامات عائد کررہے ہیں۔حق پرست سینیٹرز نے کہا کہ ایم کیوایم کا حق پرستانہ پیغام ملک بھر میں تیزی سے فروغ پارہا ہے اور انشاءاللہ بہت جلد ملک بھر کے عوام فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خلاف متحد ہوکر ملک سے جاگیردارانہ کلچر، جاگیردارانہ سسٹم اور جاگیردارانہ ذہنیت کا خاتمہ کردیں گے۔

## جماعت اسلامی صوبہ سرحد میں ہونے والی لوڈشیڈنگ پر کیوں خاموش ہے، سردار خان

کراچی۔۔۔21، ستمبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے انچارج سردار خان اور آرگنائزنگ کمیٹی کے دیگر ارکان نے صوبہ سرحد میں طویل دورانیے کی لوڈشیڈنگ پر جماعت اسلامی کی خاموشی پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ جماعت اسلامی کو صوبہ سرحد کے غریب عوام کے مسائل کے حل سے کوئی دلچسپی نہیں ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ ملک بھر کے عوام گواہ ہیں کہ جماعت اسلامی کے لیڈران اور ارکان اسمبلی کراچی میں لوڈشیڈنگ پر دن رات واویلا کرکے سندھ کی منتخب حکومت کی برطرفی کے مطالبے کرتے رہے ہیں اور سندھ کی حکومت کو غیر مستحکم کرنے کیلئے کراچی کی سڑکوں پر جلاؤ گھیراؤ کرکے شہر کا امن تباہ کرنے کی گھناؤنی سازشیں بھی کرتے رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ان دنوں صوبہ سرحد کے عوام لوڈشیڈنگ عذاب جھیل رہے ہیں، شدید گرمی سے نڈھال ہیں اور گزشتہ تین روز ضلع دیر کے علاقے جندل میاں کلی کے عوام بجلی کی سہولت سے محروم ہیں جس کے باعث رمضان المبارک کے مہینے میں عوام عوام کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی صوبہ سرحد کی صوبائی حکومت میں شامل ہے لیکن صوبہ سرحد میں مسلسل لوڈشیڈنگ کے عمل پر جماعت اسلامی کی خاموشی سے ایک مرتبہ پھر ثابت ہوگیا ہے کہ جماعت اسلامی منافقین کی جماعت ہے۔انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی قوم کو جواب دے کہ صوبہ سرحد میں لوڈشیڈنگ کے مسئلہ پر جماعت اسلامی نے اس طرح احتجاجی مظاہرے اور جلاؤ گھیراؤ کیوں نہیں کیے جس طرح وہ کراچی میں کرتی رہی ہے اور جماعت اسلامی یہ بھی بتائے کہ وہ کراچی کے عوام کو اپنے سیاسی انتقام کا نشانہ کیوں بنارہی ہے؟

## حق پرست رکن سندھ اسمبلی اختر بگرامی نے کچی شراب پینے کے باعث ہلاک ہونے والے افراد کی رہائشگاہوں پر جا کر سوگواران سے تعزیت کا اظہار کیا

کراچی ۔۔۔21، ستمبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست رکن سندھ اسمبلی اختر بلگرامی نے کچی شراب پینے کے باعث متعدد افراد کے جاں بحق ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا اور مرحومین کی رہائشگاہوں پر جا کر سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کی ۔ انہوں نے مرحومین کے لواحقین سے دلی تعزیت کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور واقعہ پر دلی افسوس کا بھی اظہار کیا ۔

## حق پرست اراکین سندھ اسمبلی انسداد گھریلو تشدد بل 2007ء سندھ اسمبلی میں جمع کرا دیا

## اپوزیشن سمیت تمام جماعتیں ''انسداد گھریلو تشدد بل 2007ء'' پاس کروانے میں ایم کیو ایم کا ساتھ دیں، فیصل سبزواری

## کراچی پریس کلب میں حق پرست ارکان سندھ اسمبلی کی پریس کانفرنس

کراچی ۔۔۔ (اسٹاف رپورٹر) 21 ستمبر 2007ء

سندھ اسمبلی میں متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست پارلیمانی گروپ نے گھریلو تشدد، کیخلاف ''انسداد گھریلو تشدد بل 2007ء'' اسمبلی سیکریٹریٹ میں جمع کرا دیا ہے جس میں گھریلو ملازمین اور ہاریوں کو بھی مکمل تحفظ فراہم کیا گیا ہے ۔ اس بات کا اعلان جمعہ کی سہ پہر متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان اسمبلی فیصل سبزواری، اقبال قادری اور بلقیس مختار نے ایک مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا ۔ اس موقع پر دیگر حق پرست ارکان ہیر اسماعیل سوہو، ارشد شاہ، شاکر علی اور عبدالقدوس بھی موجود تھے ۔ اس موقع پر فیصل سبزواری نے بتایا کہ متحدہ قومی موومنٹ فرسودہ روایات اور عورتوں ، بچوں ، ملازمین اور ہاریوں پر تشدد کیخلاف ہے اور اپنے منشور کے مطابق اس نے جہاں حقوق نسواں بل 2007ء پاس کروانے میں اہم کردار ادا کیا ہے اسی طرح ''انسداد گھریلو تشدد بل 2007ء'' بھی اسی سلسلے میں ایک اہم قدم ثابت ہوگا ۔ انہوں نے کہا کہ اپوزیشن سے تعلق رکھنے والے بعض ارکان سندھ اسمبلی نے بھی اسی نوعیت کا ایک بل جمع کروایا ہوا ہے تاہم ہماری نظر میں اس بل میں بعض امور پر توجہ نہیں دی گئی اس لئے ایم کیو ایم نے اپنا علیحدہ بل جمع کروایا ہے ۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اقوام متحدہ کے تحت ہیومن رائٹس کنونشن پر دستخط کرنے والے ممالک میں شامل ہے اس لئے بحیثیت عام پاکستانی ہم سب پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ ہم انسانی حقوق کی خلاف ورزی کے خلاف مل جل کر کام کریں اور ہم اپوزیشن سمیت سندھ اسمبلی کے تمام پارلیمانی گروپ کو دعوت دیتے ہیں کہ وہ ''انسداد گھریلو تشدد بل 2007ء'' پاس کروانے میں متحدہ قومی موومنٹ کا ساتھ دیں ۔ انہوں نے اخبار نویسوں کو بھی دعوت دی کہ ''انسداد گھریلو تشدد بل 2007ء'' کیلئے ان کے پاس بھی کوئی تجویز ہو تو وہ ہمیں دیں، تجویز موثر ہونے کی صورت میں اسے بل کا حصہ بنالیا جائے گا ۔ انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ نے کئی قوانین پر کام کیا ہے اور متحدہ قومی موومنٹ سمجھتی ہے کہ ایسے سارے عمل جو کہ بنیادی حقوق کے خلاف ہیں اس کے خلاف جدوجہد کریں اور مذکورہ بل اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے ۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایسی قانون سازی جو معاشرے کو اچھا معاشرہ بنانے کا باعث بنے اس کا تمام لوگوں کو ساتھ دینا چاہئے ۔ انہوں نے کہا کہ یہ بل انشاء اللہ سندھ اسمبلی کے اسی جلاس میں پیش کیا جائے گا ۔ انہوں نے بتایا کہ اس بل میں جس شخص، فرد یا عورت پر تشدد ہوا ہے صرف وہی شکایت کنندہ نہیں ہوسکتا بلکہ اس کی جانب سے کوئی بھی شکایت درج کرا سکتا ہے ۔

## ایم کیو ایم نیو کراچی سیکٹر کے کارکن گلفام احمد شہید کی فاتحہ سوئم

کراچی ۔۔۔21، ستمبر 2007ء

مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے شہید ہونے والے ایم کیو ایم نیو کراچی سیکٹر یونٹ 140-A کے کارکن گلفام احمد کا سوئم آج کی ان رہائشگاہ نیو کراچی سیکٹر 5-E میں واقع جامعہ مسجد محمدی میں ہوا جس میں شہید کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی گئی اور شہید کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا ۔ سوئم کے اجتماع میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج عبدالحسیب، حق پرست صوبائی وزیر قمر منصور، صوبائی مشیر نعمان سہگل، ارکان قومی اسمبلی عبدالوسیم، اسرار العباد، ایم کیو ایم کراچی تنظیمی کمیٹی، کراچی مضافاتی کمیٹی، پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی، شعبہ خواتین، ایلڈرز ونگ اور ایم کیو ایم نیو کراچی اور سرجانی ٹاؤن سیکٹر کمیٹیوں کے اراکین، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں کے علاوہ شہید کے عزیز و اقارب نے شرکت کی ۔

☆☆☆☆☆